فوری ریلیز کے لیے: 2023/26/5 گورنر **KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL نے آف شور ونڈ ٹریننگ اور افرادی قوت کی ترقی کے لئے $ 4 ملین کی گرانٹ دے دی***

***SUNY اور اس کے شراکت داروں کے لئے آف شور ونڈ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ ایوارڈز کی منظوری دی گئی ہے تاکہ طلباء کو آف شور ونڈ میں کیریئر کے لئے تیار کرنے والے پروگرام بنائے جا سکیں***

***یہ ایوارڈز آف شور ونڈ فارمز کی تعمیر، مینوفیکچرنگ، انسٹالنگ، آپریٹنگ، اور دیکھ بھال میں ملازمتوں کے لئے افرادی قوت کی ترقی اور تربیت کرنے والے اقدامات کو مزید وسعت دیں گے***

گورنر Kathy Hochul نے آج Offshore Wind Training Institute کی جانب سے SUNY کیمپس قیادتی پروگراموں کو دی جانے والی $4 ملین والی گرانٹ کا اعلان کیا جو اس تیزی سے ترقی کرتی ہوئی انڈسٹری میں طلباء کو اپنے کیریئر کے لئے تیاری کرنے میں مدد دینے کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ جیتنے والے پروگرامز آف شور ونڈ فارمز کی تعمیر، مینوفیکچرنگ، انسٹالنگ، آپریٹنگ، اور ان کی دیکھ بھال و مرمت کے شعبوں میں جابز کے لئے افرادی قوت کی ترقی اور تربیت کرنے والے اقدامات کو مزید وسعت دیں گے۔

"آف شور ونڈ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ جیسے ملک کے سرکردہ پروگرام یہ امر یقینی بنانے کے لئے ضروری ہیں کہ ریاست کی افرادی قوت ہمارے قابل تجدید توانائی والے کے حصول میں ہماری مدد و معاونت کرنے کے لئے تیار ہو،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "SUNY نے NYSERDA کے ساتھ شراکت داری میں نئے اور موجودہ کارکنوں کو آئندہ کئی نسلوں کے لئے نیو یارک میں سبز توانائی کے انقلاب میں حصہ لینے کے لئے تیار کرنے والے اقدامات کیے ہیں اور کر رہا ہے - جس سے ہمیں ماحولیاتی بحران سے نمٹنے اور سب کے لئے ایک سبز ریاست کی تعمیر میں بہت مدد مل رہی ہے۔"

گرانٹس کے اس راؤنڈ میں، سات SUNY کیمپسوں کے لئے 10 پروگراموں کی منظوری دی گئی تھی جن میں یہ شامل ہیں: **الفریڈ اسٹیٹ کالج، یونیورسٹی ایٹ بفیلو، فارمنگ ڈیل اسٹیٹ کالج، ہڈسن ویلی کمیونٹی کالج، سفوک کاؤنٹی کمیونٹی کالج، SUNY پولی ٹیکنک انسٹی ٹیوٹ، اور اسٹونی بروک یونیورسٹی۔**

گورنر HOCHUL نے اکتوبر 2022 میں پروپوزل طلب کیے تھے۔ گرانٹ کے عمل کی قیادت نیو یارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی (NYSERDA) فارمنگڈیل اسٹیٹ کالج اور اسٹونی بروک یونیورسٹی کے تعاون سے کر رہی ہے۔ یہ فنڈنگ، جسے انتخاب کے متعدد راؤنڈز کے ذریعے تقسیم کیا جائے گا، ہر پروگرام کو $500,000 تک رقم دے گی۔

درخواست دہندگان کو ایک یا ایک سے زیادہ "ترجیحی فوکس ایریاز" کے تحت درخواست دینے کے لئے کہا گیا تھا، جس میں آف شور ہوا سے متعلق موجودہ SUNY نصاب کو وسعت دینا؛ تیز رفتار، ہدف شدہ تربیتی ضروریات پوری کرنا؛ اور داخلے کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا شامل ہے۔ تجاویز میں ایکوئٹی کی ضروریات پوری کرنے، نوجوان طالب علموں کو طویل المدتی رسائی دینے، آگاہی بڑھانے کے لئے کمیونٹی پر مبنی کوششیں کرنے، اور مربوط یا ملحقہ شعبوں کے ساتھ شراکت داریاں کرنے والے اقدامات شامل ہیں۔

ایوارڈز کے دوسرے راؤنڈ کا اعلان 2023 کے موسم گرما میں کیا جائے گا۔

**SUNY کے چانسلر جان بی کنگ جونیئر نے کہا،** "گورنر Hochul اور NYSERDA کے ساتھ شراکت داری میں SUNY کو یہ فخر حاصل ہے کہ وہ ریاست نیو یارک میں صاف توانائی کی اقتصادی اور افرادی قوت کی ترقی میں رہنمائی کرنے میں مدد و معاونت دے رہا ہے - جو ہمارے طلباء کے لئے اوپر کی جانب ترقی دینے والے انجن کی طرح ہے۔ یہ انتہائی درجے کی ہنر مند، اونچی تنخواہیں لینے والی افرادی قوت نیو یارک ریاست کے صاف توانائی کے اہداف کو آگے بڑھائے گی، جبکہ اس کے ساتھ ساتھ ریاست کو قابل تجدید توانائی کے لئے تیار کرے گی، جس میں آف شور ہوا میں قوم کی قیادت کرنے والی سوچ بھی شامل ہے۔ آف شور ونڈ انڈسٹری کے مطالبات کو پورا کرنے کے لئے پروگرام تیار کرکے، SUNY آجروں کی ضروریات پوری کرنے والے براہ اقدامات کر سکتا ہے اور کرے گا، تاکہ یہ امر یقینی بنایا جا سکے کہ ہمارے طلباء اس ابھرتے ہوئے شعبے کے لئے اچھی طرح سے تیار ہیں۔ میں تمام منتخب SUNY کیمپسز کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ان کی ترقی و پیشرفت میں تعاون کرنے کا منتظر ہوں۔"

**NYSERDA کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا،** "NYSERDA کو آف شور ونڈ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ میں SUNY کے ساتھ شراکت کرنے پر فخر ہے تاکہ نیویارک کے لوگوں کو ہزاروں خاندانوں کو برقرار رکھنے والی ملازمتوں کے لیے تیار کیا جا سکے جو کہ ہم تب حاصل کر سکیں گے جب ہم اس نئی انڈسٹری کی تعمیر بالکل ابتدائی بنیادوں سے کریں گے۔ SUNY کی زیر قیادت یہ نئے پروگرام ریاست کے کئی اور علاقوں میں آف شور ونڈ ورک فورس کی ترقی اور تربیت کے مواقع کو وسعت دیں گے — جس سے ہمیں نیو یارک کے صاف توانائی والے مستقبل کی تعمیر کرنے کے لئے آف شور ونڈ میں کیریئرز تک زیادہ رسائی ملے گی۔"

**فارمنگڈیل اسٹیٹ کالج کے صدر اور آف شور ونڈ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ (OWTI) کے ڈائریکٹر Dr. John S. Nader نے کہا،** "ہمیں موصول ہونے والی تمام شاندار تجاویز SUNY فیکلٹی کی صلاحیت اور لانگ آئی لینڈ اور پوری ریاست نیو یارک میں توانائی اور معاشی منظر نامے کے لازمی حصے کے طور پر آف شور ہوا کا کردار قائم کرنے کے لئے ہمارے مشترکہ عزم کو ظاہر کر رہی ہیں۔ میں OWTI میں اپنے شراکت داروں اور SUNY سسٹم کی متعدد فیکلٹی کا شکر گزار ہوں جو آج کے اہم ماحولیاتی اور سماجی چیلنجوں کے حلوں پر ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔ یہ ایوارڈز گورنر کے دفتر، NYSERDA، اور SUNY کی جانب سے ایک اہم نئی انڈسٹری کو فروغ دینے والے تصور اور عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔"

**Stony Brook University کی صدر Maurie McInnis نے کہا،** "اب جبکہ ہم نیویارک میں آف شور ونڈ سیکٹر کے لیے اسکالرز اور پیشہ ور افراد کی اگلی نسل تیار کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں اور آف شور ونڈ انرجی کے لیے قلیل اور طویل مدتی انفراسٹرکچر کی تعمیر کر رہے ہیں، تو اس کے لئے OWTI کے مشن کو ہمیشہ ہنرمندی اور مہارت، تعاون اور وژن کی ضرورت رہتی ہے۔ SUNY کمیونٹی کے پاس یہ وژن ہے۔ ہمیں SUNY کو موسمیاتی تبدیلیوں کے خلاف نیویارک کے اجتماعی اقدامات میں سب سے آگے رہنے اور مدد کرنے پر فخر ہے، جس سے ریاست بھر کے رہنما بشمول ہمارے شراکت داران یعنی فارمنگڈیل اسٹیٹ کالج، NYSERDA، چانسلر کنگ، اور دیگر معاونت کرنے والے شامل ہیں۔"

Stony Brook اور Farmingdale مشترکہ طور پر OWTI کو تکنیکی معاونت فراہم کرتے ہیں، جس سے اس کی بہت عمدہ طور پر قائم شدہ، ڈگریاں عطا کرنے والی اور نان-کریڈٹ ورک فورس پروگرامیٹک پیشکشوں کے ساتھ ساتھ اس کے نیویارک پر مرکوز قابل تجدید توانائی کے افرادی قوت والے اقدامات بھی بہت عمدہ طریقے سے استعمال ہوں گے۔ اس پروجیکٹ کی نگرانی ایک رابطہ کونسل کرے گی جس میں SUNY کالجوں کے نمائندوں کے ساتھ ساتھ ایسی ریاستی اور مقامی ایجنسیاں اور تنظیمیں شامل ہوں گی جو ونڈ انرجی فیلڈ میں کام کرنے کے لیے افرادی قوت اور ٹیلنٹ پول بنانے اور ان کی تربیت کرنے میں مصروف ہیں۔

OWTI نے NYSERDA کے ساتھ شراکت داری میں تعلیمی، کمیونٹی، اور صنعتوں اور مزدور اتحاد کا ایسا نیٹ ورک بنایا ہے جو نیویارک کے 25,000 باسیوں کو قابل تجدید توانائی کے شعبوں میں کیریئر بنانے کے لیے تیار کرے گا۔ ونڈ انرجی ٹیکنالوجی کی ترقی کو آگے بڑھانے کے لئے مل کر کام کرنے میں انسٹی ٹیوٹ کو توقع ہے کہ وہ اسٹونی بروک میں واقع نیشنل آف شور ونڈ ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ کنسورشیم کے ساتھ باہم شراکت میں کام کرے گا،

جسے NYSERDA کی، فارمنگڈیل میں واقع امریکی محکمہ برائے توانائی اور قابل تجدید توانائی کی، اور فارمنگڈیل میں واقع پائیداری مرکز کی مدد و معاونت حاصل ہے۔

**اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک کے متعلق**

اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک، امریکہ میں اعلیٰ تعلیم کا سب سے بڑا جامع نظام ہے؛ اور نیو یارک کے تمام باشندوں میں سے 95 فیصد سے زائد SUNY کے 64 کالجز اور یونیورسٹیز میں سے کسی ایک سے 30 میل سے کم فاصلے پر رہتے ہیں۔ اس پورے نظام میں، SUNY کے پاس چار تعلیمی مراکز صحت، پانچ ہسپتال، چار میڈیکل اسکول، دو ڈینٹل اسکول، ایک لاء اسکول، ریاست کا واحد کالج آف آپٹومیٹری ہے؛ اور یہ امریکی محکمۂ توانائی کی ایک نیشنل لیبارٹری کا انتظام چلاتا ہے۔ مجموعی طور پر، SUNY تقریباً 1.4 ملین طلباء کو اپنے پورے پورٹ فولیو کے کریڈٹ اور نان کریڈٹ بیئرنگ کورسز اور پروگراموں، تعلیم جاری رکھنے اور کمیونٹی میں رسائی کے پروگراموں سے خدمات فراہم کرتا ہے۔ SUNY نیو یارک میں ہونے والی تعلیمی تحقیق میں سے تقریباً ایک چوتھائی کی نگرانی کرتی ہے۔ اس پورے نظام پر محیط تحقیقی اخراجات مالی سال 2022 کے دوران تقریباً 1.1$ بلین ہیں، جن میں طلباء اور تدریسی عملے کی جانب سے قابل قدر چندے والی رقوم بھی شامل ہیں۔ دنیا بھر میں تین ملین سے زائد SUNY کے سابق طلباء ہیں اور نیو یارک کے کالج کی ڈگری کے حامل ہر تین باشندوں میں سے ایک SUNY سے فارغ التحصیل ہے۔ اس بارے میں مزید جاننے کے لیے کہ SUNY مواقع کیسے پیدا کرتا ہے، www.suny.edu ملاحظہ کریں۔

###


اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov

ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں